جنابِ مؤلف نے چند موٹے موٹے مسائل میں شافعی مسلک کے حق میں استدلال کیا ہے اگرچہ اس طرح کے مسائل میں استدلال اور جوابی استدلال کی بہت گنجائش ہے۔ مگر بہرحال علمی حیثیت سے یہ بات مفید ہے کہ لوگوں کی معلومات صرف ایک ہی مذہب تک محدود نہ رہیں۔ اس لیے ہم اس کتاب کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

القرآن الحکیم مع ترجمہ و تفسیر | ترجمہ و تفسیر از جناب مولینا عبدالماجد صاحب دریابادی۔ شائع کردہ: تاج کمپنی لمیٹڈ۔ لاہور و کراچی۔ ہدیہ درج نہیں۔

جناب مولینا عبدالماجد دریابادی کا طرزِ فکر، تصور دین طریقِ فہم قرآن اور اسلوب تحریر صدق کے ذریعے ملک بھر میں معروف ہے۔ موصوف کچھ مدت سے قرآن کریم کا ترجمہ تفسیری حواشی کے ساتھ فرما رہے ہیں اور یہ ترجمہ صدق میں بالاقساط شائع ہوتا رہا ہے۔ پارہ الم تاج کمپنی نے اونچے طباعتی معیار کے ساتھ شائع کیا ہے۔ قرآن مجید کے طالب علموں کو ایسی ہر چیز سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

تدبرِ قرآن | از جناب مولانا امین احسن اصلاحی۔ شائع کردہ مکتبہ چراغ راہ کراچی ۱۰۔ قیمت تحریر ہے

کتاب کا پہلا ایڈیشن مکتبہ شرب لاہور نے نکالا تھا اور آناً فاناً ختم ہوگیا۔ اب یہ دوسرا ایڈیشن جہاں نفسِ مضمون میں بڑے قیمتی اضافے کے ساتھ شائع [illegible] وہاں اس کے ظاہری محاسن کا معیار بھی بلند تر ہوگیا ہے۔ مولانا کی اس کتاب کو [illegible] لینے والے نوجوان طبقے کو ایسی بصیرت بہم پہنچانا ہے کہ ضروری تیاری کے [illegible] بعد سے خزائن قرآنی کے قفل وہ اپنے ہاتھوں سے کھول سکیں۔ ہماری رائے میں قرآن کے تراجم و تفاسیر لکھنے کے مقابلے میں یہ خدمت بہت زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ یہ کتاب ایک طرف تو یہ واضح کرتی ہے کہ قرآن مجید سے صحیح استفادہ کرنے کے لیئے ابتدائی شرطیں کیا ہیں پھر اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ تدبر قرآن کا طریقہ کیا ہے۔ پھر قرآن کے آسان ہونے کا اصل مفہوم بیان کیا گیا ہے اور آخری باب میں تفسیر کے مختلف مدارس فکر کا تعارف کرانے کے ساتھ ساتھ تفسیر کے وہ ٹھوس اصول پیش کئے گئے ہیں